شعیب احمد صدیقی:

چیئر مین

Mr. Shoaib Ahmad Siddiqui

شعیب احمد صدیقی پی ٹی سی ایل بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئر مین ہیں۔شعیب صدیقی پاکستان سول سروسز میں 37 سال کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور وفاقی وصوبائی حکومتوں میں اہم انتظامی عہدوں پر فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔اس وقت وہ وفاقی سیکریٹری برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی وکمیونیکیشن ،حکومت پاکستان کی حیثیت سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔وہ یوایس ایف-یونیورسل سروس فنڈ کے چیئر مین بھی ہیں۔شعیب صدیقی اس سے قبل سیکریٹری وزارت مواصلات،سیکریٹری منصوبہ بندی،ڈیولپمنٹ وریفارمز ڈویژن،سیکریٹری نشرواطلاعات واین ایچ،سیکریٹری نیشنل سیکورٹی ڈویژن،سیکریٹری انسداد منشیات ڈویژن،خصوصی سیکریٹری وزارت داخلہ،ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ کراچی،رکن بورڈ آف ریونیواور کمشنر کراچی کی حیثیت سے بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔شعیب احمد صدیقی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے بی ایس سی انجینئرنگ اور یونیورسٹی آف برمنگھم (برطانیہ) سے ایم ایس سی (ڈیولپمنٹ ایڈمنسٹریشن) کے سند یافتہ ہیں۔وہ قانون میں بھی گریجویشن کی سند رکھتے ہیں اور انہوں نے کراچی یونیورسٹی سے ایل ایل بی اور ایل ایل ایم کی اسناد حاصل کیں۔شعیب صدیقی ایم بی اے ایگزیکٹیوسند کے بھی حامل ہیں۔

عبدالرحیم عبداللہ عبدالرحیم النوریانی:

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

Mr. Abdulrahim Abdulla Abdulrahim Al Nooryani

عبدالرحیم ۔اے۔النوریانی سب سے زیادہ طویل عرصے سے بورڈ میں خدمات سرانجام دینے والے رکن ہیں اور سال 2006 سے بورڈ میں موجود ہیں۔عبدالرحیم النوریانی کو ٹیلی کام صنعت میں 40 سال کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔وہ اتصالات انٹرنیشنل پاکستان ایل ایل سی کے چیئر مین ہیں جو کہ امارات ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی ہے۔وہ پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئر مین بھی ہیں۔عبدالرحیم النوریانی ایک زیر تربیت گریجوئٹ کی حیثیت سے اتصالات میں شامل ہوئے اور بتدریج ترقی کرتے ہوئے چیف آفیسر پروکیورمنٹ،کنٹریکٹس وایڈمنسٹریشن کے عہدے تک پہنچے۔وہ اتصالات کی متعدد ذیلی کمپنیوں کی ڈائریکٹرزشپ میں بھی رہے ہیں۔

ptcl

نوید کامران بلوچ:

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

Mr. Naveed Kamran Baloch

نوید کامران بلوچ سول سروسز میں 34 سال کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اوراس وقت وزارت خزانہ میں سیکریٹری کے عہدے پر فائض ہیں۔اس سے قبل نوید کامران سیکریٹری کیبنٹ ڈویژن، چیف سیکریٹری خیبر پختونخواہ، وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری، سیکریٹری وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز وکوآرڈینیشن، ڈائریکٹر جنرل نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کراچی اورسیکریٹری اطلاعات حکومت سندھ کے عہدوں پر کام کرچکے ہیں۔نوید کامران چیئرمین سی سی ایم پاکستان اورچیئرمین اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی حیثیت سے بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔نوید کامران لندن اسکول آف اکنامکس (برطانیہ) سے سوشل پالیسی اینڈ پلاننگ ان ڈیولپمنٹ کنٹریز میں ماسٹرز سند کے حامل ہیں جبکہ وہ پاکستان انسی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے سند یافتہ بورڈ رکن بھی ہیں۔

حاتم دوویدار

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

Mr. Hatem Dowidar

حاتم دوویدار ٹیلی کام صنعت میں 20 سال سے زائد کا تجربہ رکھتے ہیں۔وہ اتصالات انٹرنیشنل کے چیف ایگزیکٹیو افسر ہیں۔حاتم دوویدار نے پروکٹر اینڈ گیمبل میں مارکیٹنگ میں آنے سے قبل اپنے کیریئر کا آغاز مصر میں
AEG/Deutsche Aerospace (Daimler Benz Group) سے کیا۔اتصالات گروپ میں شمولیت سے قبل وہ Vodafone گروپ کے گروپ چیف آف اسٹاف تھے۔حاتم دوویدار Vodafone مصر کے ساتھ مارکیٹنگ ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی کام کرتے رہے اور بعدازاں Vodafone مصر کے سی ای او کے عہدے تک پہنچے۔وہ Vodafone گروپ اوراس کی ذیلی کمپنیوں میں متعدد سینئر عہدوں پر فائز رہے جس میں ڈائریکٹر گروپ کور سروسز، سی ای او Vodafone مالٹا، 45 سے زائد مارکیٹس کی شراکت داری پر مشتمل پارٹنر مارکیٹس کے سی ای او اور ریجنل ڈائریکٹر ایمرجنگ مارکیٹس شامل ہیں۔حاتم دوویدار ٹیلی کام صنعت کے اندر اور باہر متعدد کارپوریٹ بورڈز میں چیئرمین اور بورڈ رکن کی حیثیت سے بھی فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔حاتم دوویدار قاہرہ یونیورسٹی سے کمیونیکیشن اینڈ الیکٹرانکس انجینئرنگ میں بیچلرز جبکہ امریکن یونیورسٹی، قاہرہ سے ایم بی اے سند کے حامل ہیں۔

رضوان ملک:

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

Mr. Rizwan Malik

رضوان ملک گزشتہ 33 برسوں سے مختلف عہدوں پر سپیریئر سول سروسز آف پاکستان کا حصہ رہے ہیں۔رضوان ملک اس وقت سیکریٹری نجکاری ڈویژن / کمیشن کے عہدے پر فائز ہیں،اس سے قبل وہ اسپیشل سیکریٹری انٹیریئر ڈویژن اسلام آباد،جوائنٹ سیکریٹری پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ،ٹیکسٹائل اینڈ کمیونیکیشن ڈویژن،ڈائریکٹر جنرل بینظیر انکم سپورٹ پروگرام،ڈائریکٹر جنرل الیکٹرانک گورنمنٹ،آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام ڈویژن،جوائنٹ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن،ایڈیشنل سیکریٹری انٹیریئر ڈویژن اور اسپیشل سیکریٹری انٹیریئر ڈویژن،ایڈیشنل سیکریٹری لوکل گورنمنٹ،ایڈیشنل سیکریٹری پی اینڈ ڈی پنجاب،جوائنٹ رجسٹرار کوآپریٹو پنجاب اور سیکریٹری پی اینڈ ڈی بلوچستان کے عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔رضوان ملک کراچی کے مختلف سب ڈویژنز میں اسسٹنٹ کمشنر / سب ڈویژنل مجسٹریٹ،ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نارووال،گوجرنوالہ،راولپنڈی ڈسٹرکٹس اور ڈپٹی کمشنر نارووال کی حیثیت سے بھی اپنی خدمات فراہم کر چکے ہیں۔رضوان ملک گورنمنٹ کالج لاہور کے گریجوئیٹ ہیں اور پنجاب یونیورسٹی سے پولیٹیکل سائنسز میں ماسٹرز کی سند رکھتے ہیں جہاں انہیں نمایاں تعلیمی کارکردگی پر گولڈ میڈل سے بھی نوازا گیا تھا۔وہ گورنمنٹ کالج لاہور کے اکیڈمک رول آف آنر بھی ہیں۔

ڈاکٹر کریم بینس

نان ایگزیکٹوڈائریکٹر

Dr. Kareem Bennis

ڈاکٹر کریم بنیس ای آئی پی کی طرف سے نامزد کردہ بورڈ آف کمپنی کے رکن ہیں اور اتصالات گروپ میں قائم مقام گروپ سی ایف او کے طور پر کام کر رہے ہیں۔انہیں اگست 2013 میں اتصالات میں وائس پریذیڈنٹ فنانشل کنٹرول اینڈ پلاننگ تعینات کیا گیا تھا جو کہ مشرق وسطی،ایشیا اور افریقہ (14 بلین ڈالر آمدن) میں ٹیلی کام مارکیٹ کی ایک بڑی کمپنی ہے۔انہوں نے یواے ای،مراکش،مصر،سعودی عرب اور پاکستان سمیت 16 ممالک میں اتصالات گروپ میں ذمہ داریاں ادا کی ہیں۔اس سے قبل وہ ٹریکٹا فک موٹرز کارپوریشن میں ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر اور سی ایف او کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔اس کے علاوہ وہ ماروک ٹیلی کام (Group Vivendi میں عارضی طور پر 7 سال) میں فنانس کنٹرولر،سٹریٹجک پلاننگ اینڈ سب سیڈیریز مینجمنٹ اور پیرس میں کراؤن اینڈ سیل کمپنی میں گروپ فنانشل کنٹرول یورپین ڈویژن کے طور پر کام کر چکے ہیں۔کریم بینس ٹیلی کام کے شعبے میں مہارت کے ساتھ مینوفیکچرنگ،ریٹیل اور بھاری آلات سازی سمیت متعدد صنعتوں میں عالمی تجربہ رکھتے ہیں۔وہ اتصالات مصر کی ایگزیکٹو اور آڈٹ کمیٹی کے رکن ہیں۔انہوں نے اٹلانٹیک ٹیلی کام ہولڈنگ کی بورڈ اینڈ آڈٹ کمیٹی میں بھی خدمات سرانجام دی ہیں۔کریم بینس Sciences-Po Paris سے اکنامک اینڈ کارپوریٹ فنانس سے ماسٹر،فرانس میں Ecole Nationale des & Chaussees سے ایگزیکٹو ایم بی اے اور Conservatoire National des Arts & Metiers سے پی ایچ ڈی میں سند یافتہ ہیں۔

ptcl

سید شباہت علی شاہ:

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

Mr. Syed Shabahat Ali Shah

سید شباہت علی شاہ کو ٹیلی کام صنعت میں 20 سال سے زائد عرصے کا تجربہ حاصل ہے۔ وہ اس وقت حکومت پاکستان کے نیشنل انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی بورڈ میں چیف ایگزیکٹیوافسر ہیں۔ وہ IGNITE بورڈ کے چیئرمین اور یوایس ایف۔ یونیورسل سروس فنڈ کے بورڈ میں رکن بھی ہیں۔ شباہت علی شاہ Cronus Digital کے بانی وسی ای او بھی تھے۔ شباہت علی شاہ دنیا کی پہلی مائیکروسٹیلائٹ IoTs کمپنی Helioswire Inc، بڑی ڈیٹا کمپنی Spire Global Inc اور نادرا ڈیٹا ویئر ہاؤس ٹیکنالوجیز کے شریک بانی بھی ہیں۔ اس سے قبل وہ اوریکل کا بھی حصہ رہ چکے ہیں جہاں انہوں نے آسیان ممالک کے درمیان اوریکل کمیونیکیشن لائن آف بزنس تخلیق کی۔ وہ کمپیوٹرزائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کے چیف آرکیٹیکٹ، این آئی سی او پی اور پیپرلیس ورک فلو اینڈ کمیونیکیشن پروسیس کے پراجیکٹ ہیڈ بھی رہے۔ شباہت علی شاہ میساچیوسٹ (Massachusetts) انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، امریکا سے ایم بی اے اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے الیکٹریکل اینڈ کمیونیکیشن انجینئر کی سند رکھتے ہیں۔

ہشام عبداللہ القاسم:

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

Mr. Hesham Abdulla Al Qassim

ہشام عبداللہ القاسم وصل ایسیٹ مینجمنٹ گروپ کے چیف ایگزیکٹیوافسر ہیں، مزید برآں وہ امارات این بی ڈی بینک پی جے ایس سی کے ڈپٹی چیئرمین اور امارات اسلامک اور امارات این بی ڈی مصر کے چیئرمین بھی ہیں۔ ہشام عبداللہ القاسم دبئ انٹرنیشنل فنانشل سینٹر اتھارٹی، امارات ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (اتصالات)، ڈی ایف آئی سی انوسٹمنٹ ایل ایل سی، نیشنل جنرل انشورنس کارپوریشن، املاک فنانس اور امارات انسٹی ٹیوٹ فار بینکنگ اینڈ فنانس اسٹڈیز کے ساتھ ساتھ انٹرنیشنل ہیومینیٹرین سٹی کے بورڈ رکن بھی ہیں۔ ہشام عبداللہ القاسم کی پیشہ وارانہ قابلیت میں بینکنگ وفنانس میں بیچلرز سند، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ میں ماسٹرز سند اور ایگزیکٹولیڈرشپ ڈیولپمنٹ شامل ہیں۔

optcl

خلیفہ الشمسی:

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

Mr. Khalifa Al Shamsi

خلیفہ الفوراح الشمسی اتصالات گروپ میں چیف اسٹریٹجی اینڈ کارپوریٹ گورننس افسر ہیں۔خلیفہ الشمسی ٹیلی کام اور آئی سی ٹی صنعت میں20 سال سے زائد عرصے کا تجربہ رکھتے ہیں۔اپنے موجودہ عہدے سے قبل وہ اتصالات گروپ میں چیف کارپوریٹ گورننس افسر، چیف ڈیجیٹل سروسز افسر، سینئر وائس پریذیڈنٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ نیٹ ورک اسٹریٹجی کے عہدوں پر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔وہ سرکردہ اتصالات گروپ کے مختلف صنعتی عمود پر توجہ مرکوز رکھنے کے ذمہ دار ہیں، جیسے کہ مشین ٹو مشین (ایم ٹو ایم)، کلاؤڈ سروسز، کامرس اینڈ ڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ، ایڈوانس کمیونیکیشن، ڈیجیٹل انٹرٹینمنٹ اور وڈیو سروسز، اور ڈیجیٹل ایکو سسٹم میں اتصالات کی پوزیشن میں بہتری اور اپنے آپریشنز کے تمام علاقوں میں اتصالات کے صارفین کو جدید اور تخلیقاتی سروسز کی فراہمی کیلئے پرعزم و کوشاں ہیں۔وہ اتصالات افغانستان اور عرب امارات کے ٹی وی، کانٹینٹ وملٹی میڈیا کمپنی ای وژن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی شامل ہیں۔خلیفہ الشمسی یونیورسٹی آف کنٹکی (Kentucky) امریکا سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں بیچلرز سند کے ساتھ فارغ التحصیل ہیں۔